جانیں انتخاب لڑیں ووٹ دیں

2025 تعلیمی کونسل انتخابات

انتخابی مہم کے رہنما خطوط

یہ رہنما خطوط چانسلر کے ضابطے D-130 کی سب سے زیادہ متعلقہ دفعات کی عکاسی کرتے ہیں، جو عہدے کے امیدواروں کے لیے محکمۂ تعلیم کی عمارات اور وسائل کے استعمال کی رہنمائی کرتا ہے۔

کرنے کے کام

ذیل میں مہم چلانے کی سرگرمیوں کی چند قابل اجازت مثالیں ہیں جنہیں آپ اپنی انتخابی حکمت عملی کے حصے کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

- تقسیمی فہرستیں بنائیں تاکہ آپ آسانی سے مہم کا مواد اہم ووٹرز کے گروہوں کو ای میل، سوشل میڈیا اور ڈاک کے ذریعے بھیج سکیں۔
- ایک خاص ای میل پتہ بنائیں جو آسانی سے آپ کی مہم کے ابلاغ کی نشاندہی کر سکے (مثلاً JohnDoe4CECXX@gmail.com)۔
- اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاونٹس، بلاگز یا ویب سائٹس بنائیں تاکہ اپنی امیدواری کو فروغ دے سکیں۔ البتہ، اگر آپ سوشل میڈیا اکاونٹ پر اپنے آپ کو ایک CCEC کے رکن کی حیثیت سے شناخت کرواتے ہیں، ایک ترک دعویٰ شامل کرنا یقینی بنائیں کہ جتنے نظریات کا اظہار کیا گیا ہے وہ آپ کے اپنے ہیں اس CCEC کے نہیں جس سے آپ تعلق رکھتے ہیں۔
- مقالے، آوپ-ایڈز، یا بلاگز لکھیں جس سے آپ کو تعلیمی مسائل کے بارے میں اپنے خیالات اور معلومات کو فروغ دینے میں مدد مل سکے۔
- اپنے دوستوں اور اہل خانہ کو آپ کی مہم چلانے میں رضاکارانہ مدد دینے کی اجازت دیں۔
- ایسی ورچوئل ملاقاتوں اور تقریبات میں شرکت اور میزبانی کریں جہاں آپ کو اپنے خیالات کو عام کرنے دیا جائے اور ممکنہ ووٹرز کو آپ سے سوالات کرنے کا موقع مل سکے۔
- فلائرز اور دیگر مہم کے مواد کو اپنے محلے، کمیونٹی اجلاسوں، اسکول کے قریب (محکمۂ تعلیم کے املاک پر نہیں)، پارک یا دیگر عوامی مقامات پر جہاں آپ ممکنہ ووٹرز تلاش کر سکتے ہیں، تقسیم کریں۔
- غیر محکمۂ تعلیم کی عوامی یا نجی محفلوں میں جیسے کمیونٹی بورڈ اجلاس، کمیونٹی پریسنکٹ اجلاسوں اور دیگر تقریبات میں اپنی امیدواری کو فروغ دیں۔
- مہم کے مواد کو محکمۂ تعلیم کے مہیا کردہ مہم تقریبات، جیسے 'امیدوار فورم' میں لائیں اور دکھائیں۔
- اپنی مہم پر خرچ کی گئی رقم کا ایک ریکارڈ (مثلاً رسیدیں یا بِل) رکھیں (نوٹ کریں: چانسلر کا ضابطہ D-130 تقاضہ کرتا ہے کہ CCEC کے امیدوار اپنے اخراجات کا ریکارڈ رکھیں۔)

جانیں انتخاب لڑیں ووٹ دیں

2025 تعلیمی کونسل انتخابات

یہ نہ کریں

چانسلر کا ضابطہ D-130 اور / یا شہر کے مفادات کے تصادم کے قوانین کے تحت مہم کی ذیلی سرگرمیاں ممنوع ہیں۔ مہم کی ممنوعہ سرگرمیوں میں ملوّث ہونے سے پابندیاں لگ سکتی ہیں، اس کا انحصار اس پر ہے کہ اس خلاف ورزی کی نوعیت اور شدّت کیا ہے، بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں، نامناسب طرزعمل کو ختم کرنے کے لیے انتباہ جاری کرنا، امیدوار جو آج کل CCEC کے رکن ہیں انکی معطلی یا برطرفی اور / یا کسی امیدوار کو نااہل قرار دیا جانا۔

مزید رہنمائی کے طور پر، ہم نے مہم کی ممنوعہ سرگرمیوں کی چند تصویری مثالیں فراہم کی ہیں۔

- **یہ نہ کریں** DOE کے کسی ملازم سے حاصل کردہ رابطہ معلومات یا تقسیم کرنے کی فہرستوں یا DOE میں کسی موجودہ یا سابقہ قائدانہ عہدے پر مامور کے ذریعے حاصل کردہ رابطہ معلومات یا تقسیم کی فہرستوں کا استعمال کرنا۔

مثال:

- *ایک PTA صدر کا والدین رابطہ فہرست کا استعمال کرنا جو انہیں PTA انتظامی بورڈ کے اراکین ہونے کی حیثیت سے والدین رابطہ معلومات تک مخصوص رسائی کے ذریعے حاصل ہوئی ہو۔*

- **یہ نہ کریں** DOE کی اعانت کردہ ورچوئل جگہوں (مثلاً، PA/PTA، صدور کونسل، SLT، زمرہ I PAC، DPAC، CPAC اور CCEC اجلاس) پر پس منظر میں ایسے اشتہارات یا ایسا مواد کی نمائش جس سے آپ کی بحیثیت ایک امیدوار نشاندہی ہوتی ہو ماسوائے DOE کے مختص کردہ جگہوں پر، بشمول والدین تنظیموں کے ان اجلاسوں کے جس میں تمام امیدواروں کو مدعو کیا گیا ہو۔

مثالیں:

- *CCEC کے کسی ماہانہ اجلاس میں شرکاء کو اپنے آپ کو یا کسی اور امیدوار کو ووٹ دینے کی حوصلہ افزائی کرنا، یا شرکاء کو مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے کی حوصلہ شکنی کرنا۔*

- *ایک ایسے زُوم پس منظر کی نمائش کرنا جس میں آپ کی شناخت PA/PTA کے ورچوئل اجلاس میں بطور ایک CCEC امیدوار ہو رہی ہو۔*

- *DOE کے اعانت کردہ ورچوئل اجلاس میں شرکت کرنے والے کسی غیر CCEC امیدوار سے درخواست یا حوصلہ افزائی کرنا کہ آپ کی امیدواری کے حق میں پس منظر یا دیگر مواد کی نمائش کرے۔*

- **یہ نہ کریں** CCEC کے انتخاب کے نتائج پر اثر انداز ہونے یا مداخلت کرنے کے مقصد کے لیے اپنے سرکاری عہدے یا بطور CCEC افسر ہونے کا استعمال کرنا، یا کسی CCEC کی مہم کی سرگرمیوں سے فائدہ حاصل کرنا۔

مثالیں:

- *ایک CCEC امیدوار کی مدد کرنے کا اظہار کرنے کے لیے کسی سرکاری یا غیر سرکاری PTA فیس بُک گروپ پر اپنے آپ کی بطور ایک CCEC رکن پہچان کروانا۔*

جانیں انتخاب لڑیں ووٹ دیں

2025 تعلیمی کونسل انتخابات

- *CCEC کے کسی ماہانہ اجلاس میں شرکاء کو اپنے آپ کو یا کسی اور امیدوار کو ووٹ دینے کی حوصلہ افزائی کرنا، یا شرکاء کو مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے کی حوصلہ شکنی کرنا۔*

- **یہ نہ کریں** اسکول یا DOE کے سازوسامان یا وسائل کو مہم کے مواد کو بنانے یا تقسیم کرنے کے لیے استعمال کرنا۔

- **یہ نہ کریں** اسکول یا DOE کے املاک پر اپنے مہم کے مواد کو چسپاں یا تقسیم کرنا بشمول PA/PTA یا کسی اور کو ڈاک میں مواد ارسال کرنا۔

مثال:

- *کسی اسکول کی عمارت یا کسی اسکول کے میدان میں مہم کا مواد تقسیم کرنا۔*
- *اسکول کی عمارات سے باہر سڑک کے کنارے پر مہم کا مواد تقسیم کرنے کی اجازت ہے اگر اس سے اسکول حفاظت سے آنے یا جانے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو رہی ہو۔*

- **یہ نہ کریں** والدین تنظیموں کے باضابطہ محکمۂ تعلیم ای میل پتے پر مہم کے مواد ارسال کرنا۔

- **یہ نہ کریں** DOE کے اعانت کردہ والدین تنظیم (مثلاً PA/PTA، صدور کونسل، DPAC، Title I PAC، SLT، CPAC اور CCECs) کی ویب سائٹ یا سوشل میڈیا اکاونٹس پر خود مہم کے مواد کو شائع کرنا یا کسی اور کو شائع کرنے کا کہنا۔

- **یہ نہ کریں** کسی DOE کے ملازم یا CCEC انتظامی معاون کو آپ کی جانب سے مہم کے مواد کو تقسیم کرنے کا کہنا۔

- **یہ نہ کریں** اپنی مہم میں $500 سے زیادہ رقم خرچ کرنا۔

- **یہ نہ کریں** دیگر امیدواروں کے ساتھ مہم کے وسائل کا استعمال کرنا، بشمول، مشترکہ سرگرمی کا انتظام کرنا، مہم کے مشترکہ مواد کی تیاری یا دیگر امیدواروں کے لیے عطیات دینا یا خدمات فراہم کرنا۔

مثال:

- *تین امیدوار مشترکہ طور پر ایک پوسٹ کارڈ بنا کر میل کرتے ہیں تاکہ ووٹرز کی تینوں امیدواروں کو ووٹ دینے کی حوصلہ افزائی کر سکیں جس پر کل ملا کر $800 خرچ آیا ہو۔ وسائل کو اس طرح شیر کرنا کسی مہم میں $500 سے زائد خرچ کرنے کی ممانعت سے بچنے کا ذریعہ بنتا ہے۔*

- **یہ نہ کریں** کسی فرد یا تنظیم سے مہم کے لیے رقم یا عطیات دینے کی درخواست کرنا یا قبول کرنا، بشمول فون بینکنگ یا اشتہارات کی خدمات کا استعمال کرنا۔

- **یہ نہ کریں** کسی سیاسی کمیٹیوں، سیاسی جماعتوں اور پارٹی عہدیداروں، یا منتخب کردہ افسران سے درخواست کرنا یا تصدیق کروانا، بشمول موجودہ کمیونٹی یا شہر گیر تعلیمی کونسل کے اراکین کے۔

- سیاسی کمیٹیوں میں سیاسی عمل کمیٹیاں، وہ کمیٹیاں جو مخصوص امیدوار / امیدواروں کی مدد کرنے کے لیے تشکیل دی گئی ہوں، اور پارٹی کی بنائی ہوئی کمیٹیاں شامل ہیں۔

- ایک تائید کا قبول کرنے میں شامل ہے مگر اسی تک محدود نہیں، لائک، ری ٹوئٹ، پوسٹنگ کرنا، یا بصورت دیگر اس تائید کو ای میل، یا اپنی ویب سائٹ، سوشل میڈیا اکاونٹس، یا مہم کے مواد کے ذریعے تقسیم کرنا۔

مثالیں:

- *ایک سیاسی عملی کمیٹی کی جانب سے ایک تائید کے جواب میں "آپ کا شکریہ" ٹوئٹ کرنا۔*
- *ایک منتخب افسر کی جانب سے آپ کی امیدواری کی تائید کی ٹوئٹ کو لائک کرنا، گوکہ اس میں کسی متن کا اضافہ نہ کیا گیا ہو۔*
- *اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ پر کسی سیاسی عملی کمیٹی کی ویب سائٹ کا ایک لنک پوسٹ کرنا جس میں آپ کی امیدواری کی تائید موجود ہو۔*

مذکور بالا رہنما خطوط یا چانسلر کا ضابطہ D-130 کی خلاف ورزیوں کی شکایتیں Elections2025@schools.nyc.gov پر جمع کروانی چاہئیں۔ ان شکایتوں کو موزوں دفتر کے حوالے کیا جائے گا اور تفتیش کی جائے گی۔

جن امیدواروں کو ایک یا زائد بار قابل اطلاق ضابطوں یا رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے پر نااہل قرار دیا گیا ہو وہ اپنی اپیل Elections2025@schools.nyc.gov پر جمع کروا سکتے ہیں۔ دفتر برائے جنرل کاونسل اس اپیل کا جائزہ لے گا اور فیصلہ کرے گا۔